01.11.2025

21.15 Hrs.

HL Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

....

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت کے پختہ عزم کے سبب اب نکسلزم کی لعنت صرف تین اضلاع تک محدود ہوکر رہ گئی ہے جبکہ 11 برس پہلے اس سے 125 ضلع متاثر تھے۔

☆ بہار اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم خراب موسم کے باوجود زور شور سے جاری ہے۔

☆ GST شرحوں میں کمی کے باوجود گذشتہ ماہ GST کی وصولیابی چار اعشاریہ چھ فیصد اضافے کے ساتھ ایک اعشاریہ نو پانچ لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ رہی۔

☆ 67ویں آکاشوانی سنگیت سمّیلن کا کل سے ملک بھر کے 24 مراکز میں آغاز ہو رہا ہے۔

☆ دو مرتبہ گرینڈ سلیم کا خطاب جیت چکے بھارت کے روہن بوپنّا نے پیشہ وارانہ ٹینس سے اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔

☆ اور کل نوی ممبئی میں خواتین کے آئی سی سی ODI کرکٹ عالمی کپ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

....

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

PM Raipur Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وہ دن دور نہیں جب چھتیس گڑھ سمیت ملک کے ہر حصے سے ماؤنوازوں کے تشدد کا خاتمہ ہوجائے گا۔ آج رائے پور میں چھتیس گڑھ کی سلور جبلی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ماؤنوازوں کی دہشت کی وجہ سے چھتیس گڑھ کے قبائلی خطے ایک طویل وقت تک سڑکوں، اسکولوں اور اسپتالوں جیسی بنیادی سہولیات سے محروم رہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک سے نکسلزم کو ختم کرنے کے حکومت کے پختہ عزم کے سبب اب یہ لعنت محض تین اضلاع تک محدود ہو کر رہ گئی ہے، جبکہ 11 برس پہلے اِس سے 125 ضلع متاثر تھے۔

S/B 2045 PM Modi on Naxal Final

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ آج چھتیس گڑھ کے بستر جیسے خطوں میں دہشت کی بجائے جشن کا ماحول ہے۔

S/B 2100 PM Modi on Traibl

اس موقع پر وزیر اعظم نے 14ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اِن پروجیکٹوں کا اصل طور پر تعلق سڑکوں، صنعت، صحت کی دیکھ بھال اور توانائی کے شعبے سے ہے۔ پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت چھتیس گڑھ میں تقریباً ساڑھے تین لاکھ کنبے آج اپنے پکّے مکانات میں داخل ہوئے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Vikalp Shukla

وزیر اعظم نریندر مودی نے چھتیس گڑھ کی سلور جوبلی تقریبات کے موقع پر آج 14ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعظم نے دیہی روزگار کو تقویت دینے کے مقصد سے ریاست کے 9ضلعوں میں 12نئے دیہی اسٹارٹ اپ انٹرپرینورشپ پروگراموں کا آغاز کیا۔ اس کے علاوہ وزیر اعظم نے پردھان منتری آواس یوجنا– گرامین کے تحت تین لاکھ مستفیدین کیلئے بارہ سو کروڑ روپے کی قسط بھی جاری کی۔ چھتیس گڑھ میں صحت دیکھ بھال خدمات کو بڑے پیمانے پر تقویت دینے کے تحت وزیر اعظم نے منیندر گڑھ، گبیر دھام، Geedam،Janjgir-Champa اور بلاسپور میں پانچ نئے سرکاری میڈیکل کالجوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ وہیں بلاسپور میں سرکاری آیوروید کالج اور اسپتال کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعظم نے تقریباً 20ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی 500 کلو میٹر طویل ناگپور– جھارسُوگُڑا قدرتی گیس پائپ لائن کو بھی وقف کیا۔ یہ پائپ لائن چھتیس گڑھ کے گیارہ ضلعوں کو قومی گیس Grid سے جوڑے گی۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

Eve AP Stampede

آندھرا پردیش کے Srikakulam ضلع کے Kasibugga کے سری Venkateswara سوامی مندر میں آج صبح سویرے کی بھگدڑ میں کم از کم 9لوگوں کو موت ہوگئی۔ یہ حادثہ، پوتر مہینے کارتک میں Ekadashi تقریب کے دوران رونما ہوا۔حکام نے بتایا کہ نجی طور پر نظم ونسق والے اِس مندر میں یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب دو سے تین ہزار عقیدتمندوں کی گنجائش والے مندر میں تقریباً 25ہزار عقیدتمندوں کی بھیڑ جمع ہوگئی تھی۔وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مہلوکین کے اہل خانہ کیلئے فی کس دو لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے 50ہزار روپے کی امداد کا اعلان کیا۔آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این۔ چندرا بابو نائیڈو نے حادثے کو انتہائی تکلیف دہ قرار دیا اور حکام کو بہترین طبی خدمات فراہم کرنے کی ہدایت دی۔ x

Bihar Camaigning

بہار اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم، خراب موسم کی وجہ سے شدید متاثر رہی۔ تاہم بعد میں موسم میں بہتری آنے کے بعد مختلف سیاسی رہنماؤں نے عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Dharmendra Kumar

امت شاہ اور جے پی نڈا جیسے سینئر BJP رہنماؤں نے ورچوئل طریقے سے عوامی جلسوں سے خطاب کیا اور دعویٰ کیا کہ NDA نے بہار میں قانون کی حکمرانی قائم کی ہے۔ اس دوران جنتا دل یونائیٹیڈ کے صدر اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے Jandaha میں خواتین سے خطاب کرتے ہوئے اُن سے اپیل کی کہ وہ اپوزیشن کے گمراہ کن وعدوں کے جال میں نہ آئیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین کی روزگار اسکیم کے تحت دی جارہی 10ہزار روپے کی معاشی مدد واپس نہیں لی جائے گی۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے بھی مختلف مقامات پر NDA امیدواروں کے حق میں ووٹ مانگے۔

عظیم اتحاد کے وزیر اعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو نے سیوان کے رگھوناتھ پور میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بہار کے عوام نے نتیش کمار کی حکمرانی کے 20سال دیکھے ہیں اور اب وہ بھی ایک موقعے کے حقدار ہیں۔وہیں سماج وادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو نے دربھنگہ کے بہادر پور میں عظیم اتحاد کی حمایت میں اپنے پہلے انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔ دوسری جانب کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے بیگوسرائے کے بچھواڑہ میں خطاب کرتے ہوئے الزام لگایا کہ NDA حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے بہار کے لوگوں کو نقلِ مکانی پر مجبور ہونا پڑا۔ CPI-ML کے لیڈر دیپانکر بھٹا چاریہ اور جَن سُراج پارٹی کے بانی پرشانت کشور نے بھی اپنے اپنے امیدواروں کے حق میں تشہیری مہم انجام دی۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

GST Collection October

اشیا اور خدمات ٹیکس GST کی کُل وصولیابی اکتوبر 2024کے مقابلے گذشتہ ماہ چار اعشاریہ چھ فیصد اضافے کے ساتھ ایک اعشاریہ نو پانچ لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ تک پہنچ گئی۔ ایسا 22ستمبر کو GST شرحوں میں کمی کئے جانے کے باوجود ہوا ہے۔ اکتوبر 2024میں GST کی کُل وصولیابی ایک اعشاریہ آٹھ سات لاکھ کروڑ روپئے تھی۔ اکتوبر میں مرکزی GST وصولیابی 36ہزار 547 کروڑ روپئے اور ریاستی جی ایس ٹی 45ہزار 134 کروڑ روپئے رہی۔ IGST کی مجموعی وصولیابی ایک لاکھ چھ ہزار 443 کروڑ روپئے اور Cess سات ہزار 612 کروڑ روپئے رہا۔x

DEF Contriller Gen

انڈین ڈیفنس اکاؤنٹس سروس کے 1990بیچ کے افسر وشوجیت سہائے نے آج کنٹرولر جنرل آف ڈیفنس اکاؤنٹس کا عہدہ سنبھالا۔ وزارت دفاع نے کہا کہ جناب سہائے نے برطانیہ کی کیمبرج یونیورسٹی اور جرمنی کے C. Marshal European Centre for Security Studies سمیت بین الاقوامی تربیتی فورموں میں بھارت کی نمائندگی کی ہے۔ جناب سہائے نے حکومت میں کئی اہم عہدوں پر فرائض انجام دیئے ہیں، جن میں وزارت دفاع میں فائنانس مینجر اور سائنس اور ٹیکنالوجی کے محکمے میں ایڈیشنل سکریٹری اور فائنانشیل ایڈوائیزر جیسے عہدے شامل ہیں۔

GST Reforms Handicrafts

وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعے 22 ستمبر کو کئی شعبوں میں GST شرحوں کی کمی سے شروع ہوئے بچت اُتسو کے تحت ملک بھر میں شہری مستفید ہو رہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے جائزہ لیا کہ اگلے سلسلے کی GST اصلاحات کے نتیجے میں ملک کے دستکاری کے شعبے کو کس طرح فروغ حاصل ہو رہا ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

VC Adarsh Kumar

اگلے دور کی GST اصلاحات کے تحت سرکار نے تاجروں، دستکاروں اور صارفین پر مالی بوجھ کو کم کرنے کی غرض سے دستکاری کے شعبے میں نمایاں کمی کی ہے۔ روزمرہ کی ضرورت کو اشیاء مثلاً سیرامک کے برتن اور Jars، ٹیراکوٹہ اور کچن کے برتن پر ٹیکس کو پہلے کے 12 فیصد سے کم کرکے محض پانچ فیصد کردیا گیا ہے۔
اسی طرح دستکاری کے شعبے میں مجسموں، سیرامک کی بنی آرائش مصنوعات مثلاً Blue Pottery اور آرائشی فریموں سے مرصع آئینوں پر ٹیکس کو 12 فیصد سے کم کرکے پانچ فیصد کردیا گیا ہے۔ جس سے فنکاروں اور روایتی دستکاروں کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا۔اسی طرح Jars،Vases اور شیشے کی دیگر آرائشی مصنوعات پر جی ایس ٹی 12 فیصد سے کم کرکے پانچ فیصد کردیا گیا ہے جس سے نہ صرف صارفین پر بوجھ کم ہوگا بلکہ ملک کی دستکاری کی مالامال وراثت کو بھی استحکام حاصل ہوگا۔
آکاشوانی سے آدرش کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

Akashvani Sangeet Sammelan

ثقافت کی وزارت کے ساتھ اشتراک میں پرسار بھارتی کَل سے اِس ماہ کی 29 تاریخ تک ملک گیر سطح پر 24 مراکز میں 67 ویں آکاشوانی سنگیت سمّیلن کا انعقاد کرے گا۔ اطلاعات ونشریات کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ 1954 میں اِس کے آغاز کے بعد سے، آکاشوانی سنگیت سمّیلن ملک کی سب سے طویل عرصے سے چلی آرہی اور قابل احترام روایات میں سے ایک رہا ہے۔ اس کا مقصد ملک بھر کے سامعین کیلئے ہندوستانی کارناٹِک اور ہلکی اور لوک موسیقی کے بہترین امتزاج کو پیش کرنا ہے۔ اس سمّیلن نے بھارت کی مالامال موسیقی کی روایت کو فروغ دینے، اُس کا تحفظ کرنے اور اُسے مقبول بنانے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔سمّیلن کے بارے میں تفصیل بتاتے ہوئے پرسار بھارتی کے CEO گورو دویدی نے کہا کہ کووڈ– 19 وبا کے سبب مختصر وقفے کے بعد اِس عظیم الشان فیسٹیول کا اِس برس نئے جوش وخروش کے ساتھ ایک مرتبہ پھر انعقاد کیا جارہا ہے۔x

Waves Bozaar

اطلاعات و نشریات کی وزارت کے سکریٹری سنجے جاجو نے حیدرآباد میں جاری India Joy 2025 کانکلیو میں آج WAVES Bazaar کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب جاجو نے کہا کہ WAVES Bazaar کے ذریعے پوری میڈیا اور تفریحی صنعت کو فائدہ پہنچنے کی امید ہے۔ انہوں نے اسے ہنر کو

تجارت میں تبدیل کرنے والا اور خریداروں اور فروخت کنندگان کو یکجا کرنے والا پلیٹ فارم قرار دیا۔ جناب جاجو نے اعتماد ظاہر کیا کہ OTT فروخت کنندگان بھی WAVES بازار کے پلیٹ فارم پر آئیں گے اور سبھی زبانوں میں مناسب مارکیٹ حاصل کرسکیں گے۔ جاری تقریب کے دوران WAVES بازار نے 30 خریداروں کے ذریعے 500 کروڑ روپے لاگت کے پروجیکٹ حاصل کیے ہیں۔ x

Delhi Vehicle Ban

بڑھتی فضائی آلودگی سے نمٹنے کیلئے BS-3 اور اُس کے نیچے کے زمرے کے تحت دلّی کے باہر رجسٹر سبھی کمرشل گاڑیوں پر آج سے قومی راجدھانی میں داخلے پر پابندی رہے گی۔ تاہم سازوسامان کی BS-4 زمرے کی کمرشل گاڑیوں کو آئندہ برس 31 اکتوبر تک دلّی میں داخل ہونے کی اجازت ہوگی۔ ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن کی سفارشات پر دلی حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ دلّی میں رجسٹر سامان کی کمرشل گاڑیوں پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ اس نے مزید کہا ہے کہ سامان کی CNG،LNG اور الیکٹرک کمرشل گاڑیاں شہر میں داخل ہوسکتی ہیں۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے بہار، سکّم اور ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال میں آج کیلئے شدید ترین بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق شمال مشرقی بھارت، گوا، وسطی مہاراشٹر اور گجرات میں بھی آج اسی طرح کے موسمی حالات رہیں گے۔ اس دوران مشرقی مدھیہ پردیش میں کل تک اور مغربی مدھیہ پردیش میں اگلے چار دن تک بجلی کی گرج چمک کے ساتھ بارش جاری رہے گی۔ ملک کے مشرقی حصے میں مغربی بنگال اور اڈیشہ میں آج اور انڈمان اور نکوبار جزائر میں اگلے پانچ دن تک موسم کی یہی صورتحال برقرار رہے گی۔ x

Rohan Bopanna Reitement

بھارت کے دو مرتبہ کے گرینڈ سلیم فاتح روہن بوپنا نے آج پیشہ ورانہ ٹینس سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی 20 برسوں پر محیط ان کا طویل اور شاندار کیریئر اختتام پذیر ہوا۔ بوپنا نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اپنی ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا۔ بھارت کے سرکردہ ٹینس کھلاڑیوں میں سے ایک روہن بوپنا نے نیٹ میں اپنے طاقتور Serve، پھرتیلی مہارت اور مردوں اور مکسڈ ڈبلز، دونوں میں اپنی بہترین کارکردگی کے ذریعے دیرپا نقوش چھوڑے ہیں۔x

Women's Cricket Final

خواتین کے ICC ایک روزہ کرکٹ عالمی کپ میں بھارت کا مقابلہ کل جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ یہ میچ نوی ممبئی کے ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل اسپورٹس اکیڈمی میں سہ پہر 3 بجے شروع ہوگا۔جنوبی افریقہ، گواہاٹی میں کھیلے گئے پہلے

سیمی فائنل میں انگلینڈ کو 125رن سے شکست دے کر فائنل میں پہنچا ہے۔ وہیں بھارت نے جمعرات کے روز نوی ممبئی میں ایک سنسنی خیز مقابلے میں آسٹریلیا کو 5وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆